Public Relations & Media Services Department

Head Office, P.O Box No.1400, Islamabad

Tel.9252681, Fax:9252682


# پریس ریلیز

## زرعی ترقیاتی بینک نے سپیشل ریکوری مہم کے دوران 1.347 ارب روپے وصول کر کے 5000 ہزار ٹریکٹرز بحال کر دیئے

**اسلام آباد 24 دسمبر** 2020

زرعی ترقیاتی بینک نے بڑی بحالی مہم کا آغاز کرتے ہوئے جمعرات کو 5000 ہزار ٹریکٹروں کو ریگولرائز کر دیا اور نادہندگان سے اپیل کی گئی کہ وہ اپنے ذمے واجب الادا قرضہ کی اقساط کو بروقت ادا کریں تا کہ ان کے ٹریکٹرز ضبط نہ کئے جائیں۔ زرعی ترقیاتی بینک اب تک ملک بھر میں 28424 سے زائد ٹریکٹروں کے لئے مالی اعانت فراہم کی ہے تا کہ چھوٹے کاشتکاروں کو کاشتکاری کے لئے زرعی مشینری کے حصول اور آمدورفت کے لئے مدد فراہم ہو سکے۔

بینک کے صدر محمد شہباز جمیل کی ہدایات پر نادہندگان کے خلاف مہم چلائی گئی جو عادتاً ٹریکٹروں کے لئے حاصل کردہ قرضے کی اقساط کی ادائیگی نہیں کرتے۔ اگست سے لے کر اب تک ٹریکٹروں کی بحالی کے خلاف مہم کے نتیجے میں مختلف زونل آفسز سے 5000 سے زائد ٹریکٹرز ضبط کئے گئے۔

زرعی بینک کے ایگزیکٹو وائس پریذیڈنٹ (ریکوری) اسد اللہ حبیب نے کہا کہ ٹریکٹر ضبط کرنے کا مطلب یہ نہیں کہ ہم کسانوں کو مشینری سے محروم کرنا چاہتے ہیں بلکہ اس کا مقصد صرف اور صرف کسان بھائیوں کو باور کروانا ہے کہ اپنے ذمہ واجب الادا قرضہ کی اقساط بروقت ادا کریں اور ٹریکٹر دوبارہ حاصل کر کے اپنے استعمال میں لائیں۔ مزید واضح کرتے ہوئے انہوں نے بتایا کہ قرضہ معاہدہ کی روح سے ٹریکٹر کے لئے حاصل کردہ قرضہ کی اقساط ادا نہ کرنے کی صورت میں ٹریکٹر ضبط کیا جا سکتا ہے۔

اگست سے شروع ہونے والی 5000 ٹریکٹروں کی ریکوری مہم کے دوران پہلے مظفر گڑھ زون سے 806 ٹریکٹروں کو کاشتکاروں کی جانب سے بقایاجات ادا کرنے پر بحال کر دیا گیا۔ اسی طرح 730 ٹریکٹر بہاولنگر، 616 سیالکوٹ، 346 لاہور، 422 شیخوپورہ، 216 گوجرانولہ، 271 ڈیرہ غازی خان، 244 بہاولپور اور 95 سرگودھا زونز سے بحال کئے گئے۔

اور اس مہم کے نتیجے میں 1.347 ارب روپے وصول کئے گئے جس سے NPLs کے حجم میں 1.974 ارب کی کمی واقع ہوئی۔ زرعی ترقیاتی بینک نے ہمیشہ اس بات زور دیا کہ ملک بھر میں کاشتکاروں کو مالی اور تکنیکی سہولیات فراہم کی جائیں تا کہ زراعت کو فروغ حاصل ہو۔ تاہم بینک نادہندگان کے خلاف مہم چلانے کا کام بھی جاری رکھے گا۔ جو کہ بینک، کسان برادری اور ملکی خزانے کے بہتر مفاد میں ہے۔

(انعام اللہ)

انچارج (تعلقات عامہ)